تنویر الابصار علیٰ ردّ ظلمات الفجّار

المعروف

اہلحدیث پوسٹر کا جواب

مصنف

مفتی محمد عبدالوہاب خان القادری الرضوی

کہ اس پتھر پر اپنا عصا مارو تو اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے"
غور طلب امر یہ ہے کہ تیہ کے میدان میں جہاں سبزہ تھا نہ سایہ اور نہ پانی
تھا شدت پیاس سے پریشان حال اور سخت مشکل میں گرفتار موسیٰ علیہ
الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں پیاس کی شکایت کی تو اللہ تعالیٰ نے موسیٰ
علیہ الصلوٰۃ والسلام کو وحی فرمائی کہ اس پتھر پر اپنا عصا مارو تو اس پتھر سے
بارہ چشمے جاری ہو گئے۔

تعزیر

وہابی مقلد جیسے دیوبندی اور غیر مقلد جیسے اہلحدیث وغیرہ کے دینمیں اللہ
تعالیٰ کے سواء کسی غیر سے مدد مانگنا شرک ہے اور شرک سے مسلمان
مرتد ہو جاتا ہے اور مرتد کی سزا قتل ہے (کما قال تعالیٰ)"واذ قال
موسیٰ لقومہ یقوم انکم ظلمتم انفسکم باتخاذکم
العجل فتوبوا الی بارئکم فاقتلوا انفسکم"(البقرہ ۵۴)"اور
جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم تم نے بچھڑا بنا کر اپنی جانوں
پر ظلم کیا تو اپنے پیدا کرنے والے کی طرف رجوع لاؤ تو آپس میں ایک
دوسرے کو قتل کرو" چنانچہ جنہوں نے بچھڑے کی پرستش نہیں کی انہوں
نے پرستش کرنے والوں کو قتل کیا۔ بنی اسرائیل نے پیاس کی شدت اور

شرک وبدعات سے تائب ہو کر سچے موحد اور متبع سنت بن گئے (تفسیر ابن کثیر جلد اول ص ۱۱) پس روز روشن کی طرح یہ بات ثابت اور واضح ہو جاتی ہے کہ حافظ عماد الدین ابن کثیر اور انکی تفسیر ابن کثیر کے مترجم مولوی محمد جونا گڑھی دونوں پکے اہلحدیث (غیر مقلد) تھے چنانچہ ہم اہلحدیث کے مسلم امام ابن کثیر کے کلام سے ہی ان کے نظام دین کو باطل ثابت کرتے ہیں۔

حوالہ تفسیر ابن کثیر :

پیش کردہ آیت کریمہ "قل الحمدلله وسلم وعلیٰ عباده الذین الصطفیٰ ط الله خیر اما یشرکون٥" تو کہہ دے تمام تعریف اللہ ہی کیلیئے ہے اور اسکے برگزیدہ بندوں پر سلام ہے کیا اللہ بہتر ہے یا وہ جنہیں یہ لوگ شریک ٹھہرا رہے ہیں" تفسیر حضور ﷺ کو حکم ہو رہا ہے کہ آپ کہیں کہ ساری تعریفوں کے لائق فقط اللہ تعالیٰ ہی ہے اسی نے اپنے بندوں کو اپنی بے شمار نعمتیں عطا فرما رکھی ہیں اسکی صفتیں عالی ہیں اسکے نام بلند اور پاک ہیں اور حکم ہوتا ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندوں پر سلام بھیجیں جیسے انبیاء ورسول حمد وصلوۃ کے ساتھ ہی ذکر آیت سبحان ربک ۔۔ الخ میں بھی ہے برگزیدہ بندوں سے مراد اصحاب

رسول ہیں اور خود انبیاء علیہم السلام بطور اولیٰ اسمیں داخل ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیوں اور انکے تابعداروں کو بچالینے اور اپنے مخالفین کے غارت کردینے کی نعمت بیان فرماکر اپنی تعریفیں کرنے اور نیک بندوں پر سلام بھیجنے کا حکم دیا۔ اس کے بطور سوال کے مشرکوں کے اس فعل پر انکار کیا کہ وہ اللہ عزوجل کے ساتھ اس کی عبادت میں دوسروں کو شریک ٹھہرا رہے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ پاک اور بری ہے (تفسیر ابن کثیر جلد چہارم، ص ۸۲ مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور)

تبصرہ

اے غیر مقلدین اہلحدیث کہلانے والو یہ تمہارے امام التفسیر ابن کثیر فرمارہے ہیں غور کیجئے کہ تمہارے امام کا کلام تمہارے دین کا بطلان کررہا ہے لکھتے ہیں:

نمبر ۱ حضور ﷺ کو حکم ہورہا ہے کہ آپ کہیں ملاحظہ ہو اللہ عزوجل خالق ومالک خود ارشاد کیوں نہیں فرماتا حضور ﷺ کو کیوں حکم دے رہا ہے اس کا صاف مطلب یہی ہے کہ حضور ﷺ کا کلام ہی اللہ عزوجل کا یہ کلام ہے۔

نمبر ۲ اور حکم دیتا ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ یعنی چنے ہوئے

آیات کریمہ کو معظمان دین اور اولیائے کاملین کی جانب منسوب کرلیا کہ نادان مسلمان بتوں اور بت پرستوں کی طرف سے اپنی توجہ ہٹا کر معظمان دین اور اولیائے کاملین کو ان آیات کریمہ کا نشانہ بنائیں اللہ عزوجل اور اسکے محبوب بندوں کے دشمن بن جائیں اور بتوں اور بت پرستوں کو برا نہ سمجھیں۔

نشان عظمت

علامہ ابن کثیر جو اہلحدیثوں کے مسلم امام ہیں آیت کریمہ قل الحمدللہ وسلم علی عبادہ الذین اصطفی۔ یعنی تو کہہ دے کہ تمام تعریف اللہ ہی کیلئے ہے اور اسکے برگزیدہ بندوں پر سلام ہے۔ اسمیں وسلم علیٰ عبادہ الذین اصطفی کی تفسیر میں رقمطراز ہیں "اور حکم ہوتا ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندوں پر سلام بھیجیں" اقول اللہ کے چنے ہوئے برگزیدہ بندے کون ہیں ؟ اللہ عزوجل فرماتا ہے ومن یطیع اللہ والرسول فاولئک مع الذین انعم اللہ علیہم من النبین والصدیقین والشہدآء والصالحین (النساء ٦٩) اور جو اللہ اور اسکے رسول کا حکم مانے تو ان کا ساتھ ملے گا جن پر اللہ نے انعام کیا یعنی انبیاء اور صدیق اور شہید اور نیک مسلمان " معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے انعام یافتہ انبیاء و